© rasailojaraid.com



## مین بازار کالا گوجراں میں جلسہ سیرۃ النبی صلی اللہ علیہ وسلم

مورخہ ۲ دسمبر بروز ہفتہ بعد از نماز عشاء مین بازار کالا گوجراں میں سیرۃ النبی ﷺ کے موضوع پر ایک عظیم الشان جلسہ عام کا اہتمام جناب عبدالوحید بن انعام قریشی صاحب نے زیر صدارت مدیر الجامعہ حافظ عبدالحمید عامر صاحب کیا۔ جلسہ سے حضرت مولانا محمد صادق عتیق خطیب گوجرانوالہ نے اصلاح معاشرہ کے موضوع پر بڑا مفصل خطاب کیا۔ دسمبر کی یخ بستہ رات میں باہر گلی میں گیارہ بجے شب تک جلسہ جاری رہا۔ لوگ تو بڑے شوق سے سن رہے تھے ہمیں سو گئے داستاں کہتے کہتے اس جلسہ میں کوٹلہ آئمہ، جہلم شہر اور ڈھوک صوبیدار سے کثیر تعداد میں لوگوں نے شرکت کی۔ سٹیج سیکرٹری کے فرائض حافظ احمد حقیق نے سرانجام دیئے۔

## عبدالقیوم بھٹی صاحب و افتخار بھٹی (فان گیس والے) کو صدمہ

گزشتہ دنوں عبدالقیوم بھٹی صاحب کی اہلیہ اور افتخار بھٹی کی والدہ محترمہ طویل علالت کے بعد انتقال کر گئیں۔ اناللہ وانا الیہ راجعون۔ ان کی نماز جنازہ مدیر الجامعہ حافظ عبدالحمید عامر صاحب نے پڑھائی۔ مرحومہ بڑی نیک، متقی اور پرہیزگار خاتون تھیں۔ اللہ تعالیٰ ان کی غلطیوں، گناہوں اور لغزشوں کو معاف فرمائے۔ اور لواحقین کو صبر جمیل عطا فرمائے۔ (آمین)

## حاجی عبدالغفار صاحب کو صدمہ

گزشتہ دنوں حاجی عبدالغفار صاحب کی والدہ محترمہ جو کہ بڑی متقی، پرہیزگار اور دین کا ذوق و شوق رکھنے والی خاتون تھیں۔ اس دنیائے فانی سے رخصت ہو گئیں۔ اناللہ وانا الیہ راجعون۔ مرحومہ مرکزی جامع مسجد چوک اہلحدیث میں جمعہ، جماعت، نماز تراویح اور اعتکاف کی عبادات کیا کرتی تھیں۔ مرحومہ کو قرآن و حدیث، تفسیر اور دینی کتب کے مطالعہ کا از حد شوق تھا۔ خود اپنی گرہ سے کتابیں خرید کر خود پڑھتیں اور دوسروں کو پڑھنے کے لئے دیتیں۔ اللہ تعالیٰ مرحومہ کے درجات اعلیٰ علیین میں بلند فرمائے اور ورثاء کو صبر جمیل عطا فرمائے (آمین)

## مرزا سلیم بیگ محمدی کا انتقال پر ملال

مرزا سلیم بیگ محمدی موضع وحنی تحصیل کھاریاں جن کا انتقال ۷۵ برس کی عمر میں مورخہ ۲۰ نومبر بروز جمعہ کو ہوا انتہائی متقی اور پرہیزگار تھے۔ حضرت مولانا حافظ عبدالغفور صاحبؒ کے بڑے مداح تھے اکثر ان کی دعوتی کوششوں کا ذکر کرتے ان کے صاحبزادگان کو جب مل کر آتے تو مجھے ملتے اور کہتے کہ ادھر سے ہو کر آیا ہوں۔ صبح سے شام تک بلکہ بستر پر جانے تک دعوت و تبلیغ کو نہیں چھوڑتے تھے۔ جماعتی احباب سے استدعا ہے کہ اس محب اللہ و محب رسول ﷺ کے لئے مغفرت کی دعا فرمائیں۔ شکریہ۔

(مرزا رفیق بیگ۔ جامعہ اثریہ للبنات، جہلم)

© rasailojaraid.com